## بچہ یسوع کی مقدسہ ٹریضہ

حزقیال 18:25-28 زبور:24

فلپیوں 2:1-11 مقدس متی 21:28,32-32

**"محصل اور کسبیاں تم سے پہلے خدا کی بادشاہی میں داخل ہوتی ہیں۔" مقدس متی 21:31**

کاہن اور لوگوں کے رہنما یسوع مسیح کو سن رہے ہیں۔ یہ کلام ان کے مطابق بے حد سنگین ہے۔ لیکن یہی تو پورا سچ ہے۔ وہ مغرور اور نفس پرست ہیں۔ یہاں تک کہ نجات دہندہ کی ضرورت کا خیال بھی رد کرتے ہیں۔ لیکن بہت بڑے گناہگار حلیم ہونا جانتے اور یسوع کی قربانی جو ان کی نجات کے لئے دی گئی اسے قبول کرنا بھی جانتے ہیں۔





## نگہبان فرشتے

خروج 23:20,23 زبور:90

مقدس متی 18:1-5,10

**"اس کی آواز سن اور اس سے غداری نہ کر"۔ خروج 23:21**

خداوند اپنی قوم کو مصر کی غلامی سے آزاد کر کے ان کی تربیت کرتا ہے۔ وہ بیابان میں ہیں۔ تنہائی کی جگہ لیکن ہر ایک کے پہلو میں ایک فرشتہ ہے۔ جو اس کا ساتھی ہے۔ اور اس کو سمجھاتا ہے۔ کہ کوئی خوف نہ کھائے۔ لیکن اس کی آواز کی طرف متوجہ ہو۔ تیرا نگہبان فرشتہ تیرے قریب جاگ رہا ہے تو اس کی محنت کی داد دے گا۔

زکریا 20-8,23 زبور:86

## مقدس لوقا 56-51:9

## "ہم نے سنا ہے کہ خدا ہمارے ساتھ ہے"۔ ذکریا 8:23

خدا کی قوم درحقیقت خوش قسمت ہے۔ کیونکہ اسے پوری انسانیت کیلئے خدا نے ایک خاص کردار ادا کرنے کو دیا ہے۔ وہ دوسری تمام اقوام کو باپ کی محبت کی طرف مائل کرے گی۔ اسے صرف فرمانبرداری کرنا ہوگی پھر قومیں خود اس کی متلاشی ہوں گی۔ ایک پاک ارادہ کے ساتھ خود دوسروں کی مدد ڈھونڈے گی تاکہ باپ کی پسندیدہ زندگی بسر کرسکیں۔





# مقدس فرانسس آف اسیسی کی عید

غلاطیوں 18-14:6 زبور15

## مقدس متی 30-25:11

## "میرا جوا اُٹھالو"۔ مقدس متی 11:29

آئیں مقدس فرانسیس کو یاد کرتے ہوئے اس کی زندگی کے سب سے اہم پہلو پر غور کریں۔ اس نے یسوع کے ساتھ جوا اُٹھانے میں اس کا ہاتھ بٹایا۔ یعنی اس نے اس کی فرمانبرداری کی اور صلیب کے دکھ اس کے ساتھ اٹھائے۔ اخلاقی اور یہاں تک کہ جسمانی بھی۔ یسوع مسیح کی طرح فرانسیس سے بھی نفرت کی گئی۔ اور یسوع مسیح کی طرح اس نے اپنے ہاتھ اور پاؤں سے خون بہایا۔

نحمیاہ 5-6,4-1:8     زبور: 18

مقدس لوقا 12-1:10

**’’دیکھو میں تمہیں بھیڑوں کی مانند بھیڑیوں سے بچاتا ہوں۔‘‘ مقدس لوقا 10:3**

فرشتے خود اپنی حفاظت نہیں کر سکتے۔صرف وہ چرواہے کے قریب تر رہ سکتے ہیں۔وہی ہے جو ہر وقت اپنے ہاتھوں میں ڈنڈا رکھتا ہے۔کسی وقت بھی بھیڑیے چیر پھاڑ سکتے ہیں۔لیکن زندگی نہیں بدل سکتے۔اس لئے نبی کہتا ہے۔بھیڑ اور بھیڑیے اکٹھے چریں گے۔اس لئے یسوع مسیح اپنے شاگردوں کو بھیڑیوں کے درمیان بھیجتا ہے۔





مقدس برونو

حبقوق 22-15:1     زبور: 78

مقدس لوقا 16-13:10

**’’جو تمہاری سنتا ہے وہ میری سنتا ہے‘‘۔مقدس لوقا 10:16**

شاگردوں کی منادی بہت اہم ہے۔ان ہی کی وساطت سے لوگ یسوع مسیح کی سن سکتے اور تبدیل ہو سکتے ہیں تا کہ نجات پا سکیں۔صرف معجزے دیکھنا کافی نہیں۔یہ بچا نہیں سکتے۔کیونکہ تبدیل ہونے میں مدد کے لئے صرف نشان ہیں۔رسولوں کی آواز سننا ہی فیصلہ کن ہے۔

## اقدس روزری کی مقدسہ مریم کنواری

حبقوق 4:5-12,27-29   زبور:68

مقدس لوقا 24:10-17

**''مبارک ہیں وہ آنکھیں جو وہ دیکھتی ہیں۔ جو تم دیکھتے ہو۔'' مقدس لوقا 10 : 23**

شاگرد اپنے مشن کے پہلے تجربہ سے واپس آئے تھے۔ جب یسوع مسیح ان سے اس طرح مخاطب ہوا۔ شاگردوں نے جو کچھ کیا اس پر اتنا خوش نہیں ہونا چاہیئے۔ لیکن ان کی واحد خوشی اپنے خداوند کی آواز سننے اور اس کا چہرہ دیکھنے میں ہے۔ وہی ہر خوشی کا سرچشمہ ہے۔ آج مریم بھی ہمیں خداوند اپنے نجات دہندہ میں خوش ہونے کی طرف مائل کرتی ہے۔





عزرا 7-1:5   زبور:79

فلپیوں 9-6:4   مقدس متی 33-21:43

**''جس پتھر کو معماروں نے رد کیا وہی کونے کا سرہو گیا''۔ مقدس متی 42 : 21**

یسوع مسیح ایک تمثیل کا اس طرح اختتام کرتا ہے۔ جس سے وہ ڈھیٹ اور ضدی رہنماؤں کو جھنجھوڑنا چاہتا ہے۔ جو اسے پہچاننے سے منکر ہیں۔ وہ زبور بھی جو ان الفاظ کو گانے دیتا ہے۔ ان سے انہیں جاگ جانا چاہیئے۔ یسوع خود ہم لوگوں سے رد کیا جاتا ہے۔ لیکن خدا سے نہیں۔ خداوند اسے پہلے معجزوں سے جو اس نے کیئے اور پھر مردوں میں سے جی اٹھنے سے اسے دوسروں کے سامنے بلند کرتا ہے۔

## مقدس یوحنا لینارڈ، مقدس ڈینس اَور ساتھی

یونس 11,2-1:1    زبور 8,5-3:2

مقدس لوقا 25-10:37

**''اس طرح کر تو تُو زندہ رہے گا''۔ مقدس 10:28**

اے یسوع مسیح تو صرف اتنے سے خوش نہیں ہوتا کہ ہم جانیں کہ باپ کی مرضی کیا ہے۔ جان لینا اور اس پر عمل نہ کرنا۔ یہ نہ صرف بے فائدہ ہے۔ بلکہ نقصان دِہ ہے۔ یہ جان لینا کہ خدا چاہتا ہے۔ کہ ہم اپنے پڑوسی کو پیار کریں۔ اگر ہم نہیں کرتے تو یہ آنکھوں میں دھول جھونکتا ہے۔ اس لئے اگر ہم یہ ذمہ داری پورے بھروسے کے ساتھ لیتے ہیں۔ تو وہ خود ہمیں ہمت اور دوسروں کو پیار کرنے کی خوشی دے گا۔





یونس 10-1:3    زبور: 129

مقدس لوقا 42-38:10

**''صرف ایک چیز کی ضرورت ہے''۔ مقدس لوقا 42:10**

اے یسوع مسیح تو اس لفظ سے ہمیں بڑی پریشانیوں سے چھڑا رہا ہے۔ تو نے مارتھا کو بھی اس سے آزاد کرنا چاہا اور مریم کو بھی سکون دیا۔ جو تیری سن رہی تھیں اور اسی لئے اپنی بہن مارتھا سے جھڑکیاں لے رہی تھی۔ آج میں بھی تیرے قدموں میں خود کو رکھتا ہوں تیرے انکشافات اور تیری تعلیمات سننے کے لئے۔

یونس 11-1:4

زبور:85

## مقدس لوقا 4-1:11

### "مجھے معلوم ہے کہ تو رحیم اور مہربان خدا ہے"۔ مقدس یوحنا 2:4

ہم نے یونس کی کتاب پڑھی ہے اور آج اسے ختم کرتے ہیں۔ خدا کا کلام کہتا ہے کہ یونس ایک نبی ہے۔ لیکن وہ اس سے سیکھتا نہیں۔ اِسی لئے غریب گنہگار کے لئے اس کے دل میں رحم کے احساسات نہیں۔ وہ ان کی سزا کو دیکھنا چاہتا ہے۔ مجھے علم ہے کہ خدا مہربان ہے۔ تو پھر کیوں نہ سیکھوں۔





ملاکی 2:4,13:3

زبور:1

## مقدس لوقا 13-5:11

### "لیکن اس کی بے حیائی کی وجہ سے اٹھے گا" مقدس لوقا 8:11

یسوع نے دعا سکھائی اور اب بھی دُعا کرنا سکھاتا ہے۔ دعا کے الفاظ جلد ہی سیکھے جا سکتے ہیں۔ لیکن وہ احساسات پیدا کرنا سیکھنا جن سے باپ کو مخاطب کیا جا سکے زیادہ محنت طلب ہے۔ اس لئے یسوع مسیح ایک تمثیل بیان کرتا ہے۔ تاکہ ہمیں بتا سکے کہ دعا کس طرح کی جاتی ہے۔

یوئیل 1:13-15:2:1-2 زبور:9

مقدس لوقا 11:15-26

**''اس نے خدا کی انگلی سے بدروحوں کو نکال دیا۔'' مقدس لوقا 11:20**

انہوں نے اس پر شیطان کا ساتھی ہونے کا الزام لگایا۔لیکن شیطان خدا کے کام نہیں کرتا یعنی انسانوں کے لئے محبت کے کام۔ شیطان کو صرف بدی کرنا آتی ہے وہ صرف اذیت دیتا ہے۔ یسوع نے ایک گونگے کو اس کی بیماریوں سے رہائی دی اور یہ نہیں ہوسکتا کہ شیطان خدا کی انگلی کا کام کرے یعنی اس کی سچی اور ٹھوس محبت سے۔





مقدس کیسطس اوّل

یوئیل 4:12-21 زبور 96

مقدس لوقا 11:27-28

**''میں خداوند ہوں جو صیہون میں رہتا ہوں۔'' یوئیل 4:17**

یوئیل نبی کہتا ہے کہ خدا کے نافرمان لوگوں کے لئے قدرت کے بڑے خطرناک واقعات رونما ہونگے۔ لیکن وہ وقت آئے گا۔ جب خدا کے وفادار لوگ خوش ہوسکیں گے۔ دراصل وہ بچا لئے جائیں جو کہ خدا کے خوف میں چلتے ہیں اور اُن کا ایمان مضبوط ہے۔

## آویلا کی مقدسہ تریضہ

اشعیا 25:6-10 　　 زبور: 22

فلپیوں 4:12-14,19-20 　　 مقدس متی 22:1-14

### "شادی کی تیاری ہوگئی ہے"۔ مقدس متی 22:8

آسمان کی بادشاہی کو سمجھنے کے لئے ایک اور تمثیل پیش کی گئی ہے۔ یہ ایسے ہے جیسے بادشاہ کے بیٹے کی شادی۔ اگر ان بلائے ہوؤں میں ایک نہیں تو میں ان میں سے ایک ہوں جو عام جگہ پر بیٹھیں گے اور شادی کا لباس پہنوں گا۔ جو کہ خود بادشاہ مجھے دے گا۔ میں ان کی طرح کوئی شرط نہیں رکھ سکونگا۔ جیسے جن کا کوئی حق ہوتا ہے۔ میں روزمرہ کی طرح حلیمی سیکھوں گا۔





## مقدسہ مارگریٹ میری الکورنی، مقدسہ ہیڈوگ

رومیوں 1:1-7 　　 زبور: 97

مقدس لوقا 11:29-32

### "ہمیں رسول ہونے کا فضل ملا ہے"۔ رومیوں 1:5

مقدس پولوس رسول خود کو روم کے مسیحیوں کے سامنے پیش کرتا ہے۔ شاہی شہر "اس کے ذریعے" یعنی یسوع مسیح کے ذریعے وہ بھی رسول ہے۔ یعنی وہ خوشخبری جو ہر سننے والے کو راحت بخشتی ہے۔ دراصل اُس کی سن کر اور اس کی فرمانبرداری سے لوگ واحد، حقیقی اور سچے خدا کے بیٹے بن سکتے ہیں۔

## انطاکیہ کا مقدس اگنیشیس

رومیوں 25-16:1 زبور 18

مقدس لوقا 41-37:11

**"جو اندر ہے اُسے خیرات میں دے دو۔" مقدس لوقا 41:11**

بہت سے وہ ہیں جو سمجھتے ہیں کہ وہ پاک ہیں۔ کیونکہ انہوں نے اپنے ہاتھ حفظانِ صحت کے اصولوں کے تحت صاف کیئے ہیں۔ بیوقوف نہ ہونے کے لئے۔ یہ درحقیقت اُلّو بن جانا ہوگا۔ لیکن برعکس اس کے پاک وہ ہیں۔ جس کے پاس اس کی دولت ہے اَور محبت کے تحفہ کے طور پر استعمال کرتا ہے۔ خدا غریبوں کے خالی ہاتھ دیکھتا ہے۔ ہم محتاط رہیں گے۔ کہ نقدی ہمارے ہاتھ گندے نہ کر دے۔





## مقدس لُوقا انجیل نویس

2 تیموتاؤس کے نام 17-10:4 زبور: 144

مقدس لوقا 9-1:10

**"پہلے کہو کہ اس گھر پر سلامتی ہو! مقدس لوقا 10:5**

مقدس لوقا نے یہ کتنی بار کہا ہوگا۔ جہاں کہیں یسوع مسیح کا شاگرد جائیگا وہیں خدا کا تحفہ۔ اسکا پیار، اس کی تسلی، اس کی فروتنی اور اس کی تمام تر بھلائی جائے گی۔ سب سے پہلے، گناہ کی اصلاح کرنے سے پیشتر فضل کا آنا ضروری ہے۔

## صلیب کا خادم مقدس پولوس، مقدس اسحاق جوگ

## مقدس جان دی بیر بیوف اور ساتھ

رومیوں 30-21:3 زبور: 129

مقدس لوقا 54-47:11

**"جو داخل ہونا چاہتے تھے تم نے ان کو روک دیا۔" مقدس لوقا 52:11**

یہ ایک ایسی تنبیہ ہے۔ جو شریعت کے عالموں اور خدا کے کلام کے مطالعہ کرنے والوں کا حق بنتا ہے۔ انہوں نے لوگوں کو یسوع مسیح کا کلام جاننے، قبول کرنے اور اس پر عمل پیرا ہونے میں ان کی مدد نہیں کی۔ جو بادشاہی کا بادشاہ ہے۔ یہ تنبیہ بالکل مجھ تک آئے، میں ان کو اَے یسوع مسیح تیرے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں۔ جو تیری سی محبت کے متلاشی ہیں۔





## مقدس پال خادمِ صلیب

رومیوں 8-1:4 زبور: 31

مقدس لوقا 7-1:12

**"ان سے مت ڈرو جو جسم کو قتل کرتے ہیں۔" مقدس لوقا 4:12**

وہ ایک دوسرے کو کچلتے تھے، اس لئے وہ بے شمار تھے۔ یہ ان کو یہ الفاظ کہتے ہوئے نہیں ڈرتا۔ جو اس کی پیروی کرتے ہیں۔ انہیں اذائیں دی جا سکتی ہیں۔ یہاں تک کہ قتل بھی کیا جا سکتا ہے۔ لیکن ان سے ڈرنا نہیں چاہیئے۔ وہ اس سے امیر ہے جو اس کی طرف تاکتے ہیں۔ خوف مقدسین کا ردِعمل نہیں۔

رومیوں 4:13-16 زبور: 104

مقدس لوقا 12:8-12

**"ایمان کی خوبی سے میراث حاصل کی جاتی ہے۔" رومیوں 4:16**

ابراہیم دنیا کا وارث بن جاتا ہے۔ یعنی خدا کی تمام امارت کا، کیونکہ اس نے اس پر یقین کیا اور اس کی فرمانبرداری کی۔ ہم یسوع پر ایمان رکھتے ہیں۔ اس کی ہر نعمت، اس کی زندگی، تقدس، حقیقی امن یہ سب ہمارے ہیں۔ جب ہم اس کی فرمانبرداری کرتے ہیں۔





## مقدس جان پال دوئم

اشعیا 45:1,4-6 زبور: 95

تسالونیکیوں 1:1-5 مقدس متی 22:15-21

**"اس نے سچائی سے خدا کی راہ کی تعلیم دی۔" مقدس متی 22:16**

یہ الفاظ یسوع کو مکاری اور خوشامد سے کہے گئے ہیں۔ ہم اُس سے محبت سے سیکھتے ہوئے اس کی فرمانبرداری کے وعدہ کے طور پر کہیں گے۔ وہ ہمیں کہے گا کہ جو خدا کا ہے خدا کو دو۔ اور ہم دیں گے۔ اپنا وقت، اپنا دل، اپنے ہاتھ اور وہ سب کچھ جو اس نے ہمیں بخشا ہے۔

## مقدس جان کپسٹرینو

رومیوں 25-20:4 زبور 75-68:1

### مقدس لوقا 13-12:21

**''اے استاد میرے بھائی سے کہہ کہ میراث کا میرا حصہ مجھے دے۔'' مقدس لوقا 12:13**

اکثر یہ سوال یسوع مسیح سے کہا جاتا ہے۔ بہت سے بھائی لالچی ہیں۔ جو سب کچھ اپنے پاس رکھتے ہیں۔ بہت سے نقدی سے جُڑے ہوئے ہیں جو کہ انسانی انصاف چاہتے ہیں لیکن یسوع ان کی آسمانی خزانوں کی طرف رجوع کرنے میں مدد کرتا ہے۔





## مقدس انتھنی میری کلارٹ

رومیوں 19,17,15-125 زبور 39:

### مقدس لوقا 38-35:12

**''صرف ایک کی فرمانبرداری کے ذریعے بہت سے صادق ٹھہرائے جائیں گے۔'' رومیوں 16 : 5**

اے خداوند یسوع مسیح تیری فرمانبرداری نے ہمیں مخلصی بخشی۔ تو نے باپ کی فرمانبرداری کی۔ تو نے ہم سے محبت کرنا جاری رکھا، جب کہ تجھ سے غداری بھی کی گئی۔ تجھے اذیت دی گئی، قتل کیا گیا۔ تیری محبت نے ہمیں صادق ٹھہرایا۔ خداوند کا پسندیدہ بنایا، اگرچہ ہم اس قابل نہیں تھے۔ اب ہم تجھے شکریہ کہنا چاہتے ہیں۔ تجھے مبارک کہنا، تیری تعریف اور جلال بیان کرنا چاہتے ہیں۔

رومیوں 18-12:6 زبور: 123

## مقدس لوقا 48-39:12

**"جس کو زیادہ دیا گیا اس سے زیادہ پوچھا جائیگا"۔ مقدس لوقا 48:12**

تو نے اپنے کئی خادموں کو بہت سی نعمتوں سے نوازا ہے۔ تو انہیں دیکھے گا کہ کیا وہ ان نعمتوں کا استعمال تیرے فرمانبردار رہتے ہوئے کرتے ہیں۔ کئی اوروں کو تو نے اس سے زیادہ قدر و قیمت والی امارت دی ہے۔ وہ تیرے ہیں۔ اور تیرے ہی رہیں گے اگر چہ تیرے خادم انہیں استعمال کرتے ہیں۔ اور وہ تیرا کلام اور تیرے ساکرمنٹ ہیں۔ جن کو یہ دیئے گئے ہیں ان کی بہت بڑی ذمہ داری ہے۔ ان سے بہت زیادہ پوچھا جائے گا۔ میں ان کے لئے دعا کروں گا۔





رومیوں 23-19:1 زبور: 1

## مقدس لوقا 53-49:12

**"باپ اور بیٹا آپس میں مخالفت رکھیں گے"۔ مقدس لوقا 53:12**

ایک عظیم بھید جو تجھ سے محبت رکھتے اور تیری پیروی کرتے ہیں وہ دُنیا میں تیری محبت لے کر جاتے ہیں۔ تو پھر ان کو رد کیوں کیا جاتا ہے؟ انہیں تیری صلیب اٹھانے میں شریک ہونا ہے۔ انسانی محبت الٰہی محبت کو نہیں سمجھ پاتی۔ اگر انسان کے دل میں تیرے بیٹے یسوع مسیح کی محبت موجود ہے۔ تو یہ محبت دوسروں کی سمجھ میں نہیں آتی۔

رومیوں 25-18:7 زبور: 18

## مقدس لوقا 59-54:12

**''اور جب تک تو کوڑی کوڑی ادا نہ کرے گا وہاں سے ہرگز نہ چھوٹے گا۔'' مقدس لوقا 12:59**

یسوع مسیح چاہتا ہے کہ ہم وہ سب چھوڑ دیں جس کا تعلق اس دنیا سے ہے۔ کیونکہ دُنیا سے بے رحم دشمنوں کے سوا کچھ نہیں آتا۔ اس بے ثبات دولت کو ان پر چھوڑ دیں۔ تاکہ وہ جو رہ گئے ہیں اس سے فائدہ اٹھالیں۔





# مقدس شمعون اور یہودہ رسول

افسیوں 22-19:2 زبور: 18

## مقدس لوقا 19-12:6

**''اس سے قوت نکلتی تھی۔ جو سب کو شفا دیتی تھی۔'' مقدس لوقا 19:6**

رسول جن کی عید آج ہم مناتے ہیں، اتنے جانے نہیں جاتے۔ لیکن یہ بھی بارہ رسولوں میں سے ہیں۔ وہ کلیسیا کے ستون ہیں۔ کیونکہ یہ ان کے ایمان پر تعمیر کی گئی ہے۔ انہوں نے شفا دینے اور آدمیوں کو آزاد کرنے کی قوت یسوع مسیح سے حاصل کی۔ ان رُسولوں سے دعا کریں یسوع مسیح کی شفا دینے والی قوت کا تجربہ ہمیں بھی کرا سکیں۔

خروج 26-20:22 زبور:17

1 تسالونیکیوں 10-5:1 مقدس متی 40-34:22

**"تو خداوند اپنے خدا کو سارے دل سے پیار کر"۔ مقدس متی 37:22**

سب سے بڑا حکم یہی ہے کیا ہم اسے جانتے ہیں؟ محبت خدا کی زندگی ہے۔ اس کی ابدیت ہے۔ اس کا تقدس ہے۔ جب ہم محبت کرتے ہیں۔ تو اس کی زندگی میں شراکت کرتے ہیں۔ اس کے تقدس اور اس کی ابدیت میں اپنے خداوند کو سارے دل سے پیار کرنا اس کے پیار کے لئے ہمیشہ دوسروں کی محبت میں رہنا سیکھتے ہیں۔





رومیوں 17-12:8 زبور: 67

مقدس لوقا 17-10:13

**"اے خاتون تو نے اپنی بیماری سے شفا پائی"۔ مقدس لوقا 12:13**

وہ عورت اٹھارہ سال سے بیماری تھی۔ وہ آسمان کی طرف نظر اٹھا کر نہیں دیکھ سکتی تھی۔ یسوع مسیح نے اٹھارہ سال پیشتر اپنے ماں باپ سے کہا تھا۔ کہ اسے اپنے باپ کے کام کرنے ہیں۔ اور وہ درحقیقت کرے گا۔ روز بروز، اور آج وہ اس عورت کو ملے گا۔ اور اس کی بیماری سے اسے چھڑائے گا۔ بالکل سبت کے دن باپ کی خوشی کا دن۔

رومیوں 8:18-25 زبور 125

مقدس لوقا 13:18-21

## ''اُمید میں ہم بچائے گئے ہیں''۔ رومیوں 8:24

دنیا میں بہت زیادہ دکھ ہیں۔ اور یہ سب گناہ کی وجہ سے ہیں۔ جو انسان کو دبائے رکھتا ہے۔ لیکن ہم جانتے ہیں۔ کہ یسوع مسیح اس کی قوت سے ہمیں چھڑانے آیا ہے۔ ہم اس کے منتظر ہیں اور اسے ملنے کی کوشش کریں گے۔ اس طرح ہماری امید بَر آئے گی۔

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------

---------------------------------------